پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی کا فرسٹ مون میرج ہال سول لائن جہلم میں درس قرآن وحدیث

فرسٹ مون میرج ہال سول لائن جہلم میں مورخہ 4 مارچ بروز بدھ چار(4) بجے سہ پہر عالم اسلام کے مایہ ناز سکالر پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی سابق پروفیسر الریاض سعودی عرب و انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد نے ''بیٹی کی شان وعظمت'' کے موضوع پر عالمانہ وفاضلانہ درس ارشاد فرمایا جس میں جہلم شہر سے مردوں اور عورتوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ یادر ہے کہ بٹ برادران (حفیظ اللہ بٹ، قمر بٹ، شیراز بٹ) نے اس عظیم الشان پروگرام کا اہتمام کیا۔ جزاهم الله خير الجزاء

جامعہ اثریہ للبنات جہلم کا 29واں سالانہ اجتماع برائے خواتین

جامعہ اثریہ للبنات جہلم کا 29 واں سالانہ عظیم الشان تبلیغی و اصلاحی دوروزہ اجتماع برائے خواتین مورخہ 26,25 اپریل بروز ہفتہ، اتوار جامعہ کے وسیع سبزہ زار میں منعقد ہوا۔ جس میں ملک بھر سے معروف مبلغات نے مختلف موضوعات پر قرآن وحدیث کی روشنی میں خطاب کیا، اور ملک بھر سے آئی ہوئی مدارس، کلیات و جامعات کی طالبات کے مابین مورخہ 25 اپریل بروز ہفتہ صبح 8 بجے سے 1 بجے تک انعامی تقریری مقابلہ ہوا اور اجتماع کی آخری نشست میں مورخہ 26 اپریل بروز اتوار تقریب تقسیم اسناد وانعامات ہوئی۔ جس میں جامعہ سے فارغ ہونے والی طالبات کو اسناد اور امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات کو انعامات دیئے گے۔ اجتماع میں جہلم شہر کے علاوہ دور دراز علاقوں سے خواتین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

وفیات

محمد بابر (سوہاوہ) کو صدمہ

محمد بابر جو کہ مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ کے نماز جمعہ کے مستقل نمازی ہیں۔ ان کی والدہ محترمہ 21 فروری بروز ہفتہ نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد اچانک وفات پاگئیں۔ انا لله وانا اليه راجعون. مرحومہ نماز پنجگانہ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مولانا قطب شاہ، قاری محمد ماموراور حاجی غلام مصطفیٰ نے ان کے گھر جا کر تعزیت کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

قاری ظہور الٰہی بن عبدالرحمٰن کی رأس الخیمہ میں اچانک وفات

رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کے چچازاد بھائی قاری ظہور الٰہی بن عبدالرحمٰن مورخہ 27 فروری بروز جمعۃ المبارک رأس الخیمہ متحدہ عرب امارات میں دماغ کی شریان پھٹ جانے کی وجہ سے اچانک وفات پاگئے۔ انا لله وانا اليه راجعون. مرحوم عرصہ دراز سے وہاں کی مسجد البرید میں امامت کے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔ مرحوم کی وصیت کے مطابق وہیں پر نماز جنازہ کے بعد ان کی تدفین کردی گئی۔ جامعہ علوم اثریہ میں رئیس الجامعہ نے ان کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی۔ جس میں جامعہ کے اساتذہ، طلبہ اور جماعتی احباب نے شرکت کی۔

جامع مسجد سلطان اہل حدیث (جامعہ اثریہ) کے مستقل نمازی رانا محمد اسلم کو صدمہ

رانا محمد اسلم جو کہ جامع مسجد سلطان اہل حدیث (جامعہ اثریہ) کے مستقل نمازی ہیں۔ ان کا جواں سال بیٹا محمد فیاض مورخہ 2 مارچ بروز سوموار ٹریفک حادثہ میں وفات پاگیا۔ انا لله وانا اليه راجعون. جامعہ کے تمام اساتذہ، طلبہ اور جماعتی احباب نے ان سے اظہارِ تعزیت کیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل کو صدمہ

شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل کے بڑے بھائی نور احمد سلیم مورخہ 3 مارچ بروز منگل ہارٹ اٹیک کی وجہ سے اچانک